"عالمی سیاست اور علامہ اقبال کی پیشین گوئیاں"

محترم جناب ڈاکٹر اسرار احمد مد ظلہ العالی
مدیر مسئول 'حکمت قرآن' لاہور
محترمی و مکرمی ' السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ

امید ہے بخیریت ہوں گے۔ میں آپ کا انتہائی ممنون ہوں کہ آپ نے حکمت قرآن میں میرا مضمون "عالمی سیاست اور علامہ اقبال کی پیشین گوئیاں" شائع کیا۔ میرے لئے باعث اعزاز و افتخار ہے کہ یہ مضمون آپ کے مؤقر جریدہ میں شائع ہوا۔ جناب مدیر صاحب نے نہایت باریک بینی اور عرق ریزی سے ایڈیٹنگ کی ہے اور میری کئی اغلاط کو درست کیا ہے۔ راقم ان کا بہت مشکور ہے۔ تاہم ص ۵۰ پر عمل ایتلاف کی انگریزی (Fussion Reaction) ہے اور Thermo Dynamics کی درست اردو "حر حرکیات" ہے۔ مزید یہ کہ حضرت علامہ اقبالؒ کے نام کے ساتھ رحمۃ اللہ علیہ کا مخفف نہیں لکھا گیا۔

حضرت علامہؒ نے جس اطلاعی معاشرہ کی نشان دہی کی تھی آج ہم اس میں سانس لے رہے ہیں اور وہ سب کچھ ہماری آنکھوں کے سامنے ہے جس سے انہوں نے پیشگی آگاہ کر دیا تھا۔ پاکستان سمیت ساری دنیا کو فحاشی و عریانی کے سیلاب نے سخت آزمائش میں مبتلا کر رکھا ہے۔ یہ سب کچھ اسی اطلاعی انقلاب کا شاخسانہ ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ملک کو فحاشی و عریانی سے پاک کرنے اور نوجوانوں کی صلاحیتوں کو درست سمت میں موڑنے کے لئے پوری منصوبہ بندی کے ساتھ ترجیحی بنیادوں پر تحریکی انداز میں کام کیا جائے۔ اُمید ہے آپ اس ضمن میں اپنی کوششوں کو مزید آگے بڑھائیں گے۔

اللہ تعالیٰ ہم سے وہ کام لے لے جس سے وہ راضی ہو جائے!

احقر
محمد ندیم صدیقی (ایم اے۔ اکنامکس)
انچارج اسلامک انسٹی ٹیوٹ آف میڈیا ریسرچ
ملیر کراچی